I will now close my speech with a few words. I feel that we must be in a position to work our budget successfully as the budget has been so framed that it involves the principle of least sacrifice, which is quite essential for promoting a Welfare State

شری گوپال راؤ ایکبوٹے ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ انٹیرم بجٹ جو کچھ دن پہلے ہمارے سامنے آیا تھا اس میں ۳۰ لاکھ کا خسارہ بتلایا گیا تھا اس پر مکرر غور کرنے کے بعد آج جو بجٹ ہمارے سامنے آیا ہے وہ ۳ کروڑ ایک لاکھ کے خسارہ کے ساتھ آرہا ہے ۔ ظاہر ہے کہ یہ جو خسارہ کے ساتھ بجٹ آیا ہے وہ کوئی بری بات تو نہیں ۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ یہ خسارہ جو آرہا ہے نیشن بلڈنگ یا ہیومینیٹرین ایفیرس (Humanitarian Affairs) کی وجہ سے آرہا ہے یا کسی اور وجہ سے ۔ دیکھنا یہ بھی ہے کہ اس خسارہ کی تلافی جو کی جاتی ہے کس ذریعہ سے کی جاتی ہے ۔ یہ دو امور اگر تشفی بخش ہوں تو ظاہر ہے کہ خسارہ کا بجٹ ہونے کے باوجود وہ معیوب نہیں ہوگا ۔ اگر اس بجٹ کے سیلینٹ فیچرس (Salient features) پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا

کہ جو خسارہ آیا ہے وہ فیانشیل انٹیگریشن کے معاہدہ کی وجہ سے ہے جسکے تحت ۵۳ - ۳۰ تک کسٹمس ڈیوٹی بالکل ختم کردی جائیگی۔ اسکے سلسلہ میں ایکسپورٹ چارجس ختم کردئے جائینگے۔ یہ چند چیزیں فینانشیل انٹیگریشن کے تحت ہم نے قبول کی ہیں اسکی بنیاد میں ہمیں یہ دو سو لاکھ یعنی دو کروڑ کا خسارہ اٹھانا ہوگا۔ یہ خسارہ کسٹمس ڈیوٹی یا ایکسپورٹ سرچارج کم کرنے کی وجہ سے ہو رہا ہے تو دوسرے طریقہ سے فینانشیل انٹیگریشن کے مدات کے تحت آلٹرنیٹیو ٹیکسیشن (Alternative taxation) کے ذریعہ سے رقم حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سیلس ٹیکس کے متعلق میں ابھی تھوڑی دیر میں تبصرہ کرنے والا ہوں۔ فوڈ سبسیڈی کے تحت جو ۸۰ لاکھ روپیہ ہمیں مل رہے تھے وہ بند ہوگئے ہیں میری رائے تو یہ ہے کہ یہ قابل اعتراض نہیں ہے۔ ہندوستان کی کمزور مالی حالت کے استحکام میں اگر یہ ۸۰ لاکھ کی رقم کار آمد ہوسکتی ہے تو وہ کوئی ایسی چیز نہیں جس پر اعتراض ہو کیونکہ ہمیں بھی کسی موقع پر مجبور ہونا پڑےگا اور اپنے مالیات کے استحکام کے لئے مرکز سے مدد لینی پڑے گی۔ دوسری چیز جسکی طرف میں متوجہ کرنا چاہتا ہوں وہ جمع کے مد کی ۴۰ لاکھ کی رقم ہے تلنگانہ کے خاص حالات کے پیش نظر اس رقم کی فراہمی کی ذمہ داری اسٹیٹ گورنمنٹ پر ہے اور چوتھی رقم کونٹر ویلنگ ڈیوٹی (Countervailing duty) کی ۲۰ لاکھ کی ہے۔ وہ بھی دستور کی دفعہ ۲۸۶ کے تحت ہندوستان کو چلی جارہی ہے۔ یہ توقع کیجارہی تھی کہ یہ رقم ہمیں ملیگی۔ اس لئے اس حد تک خسارہ میں قابل لحاظ اضافہ ہوگیا ہے۔ اس کے ساتھ ریوائزڈ بجٹ میں دو تین مدات خرچ کے ہیں۔ اگر اس کے سیلینٹ فیچرس (Salient features) پر ہم غور کرینگے تو معلوم ہوگا کہ اس پر نکتہ چینی کیجارہی ہے کہ پولیس کے سلسلہ میں ۴۹۸ لاکھ میں سے ۴۳۰ لاکھ رکھے گئے ہیں اور صرف ۶۸ لاکھ کی بچت دکھائی جارہی ہے۔ حکومت کا یہ بھی دعوی ہے کہ بمبئی اپنے ریوینیو کا ۱۰ فیصد پولیس پر خرچ کرتی ہے۔ مدراس میں ۱۲ فیصد خرچ ہوتا ہے اور مدھیہ پردیش میں ۱۳ فیصد خرچ کیا جاتا ہے۔ ہماری حکومت کا دعوی ہے کہ موجودہ ۴۳۰ لاکھ جو پولیس کے لئے ہیں وہ ریوینیو کا ۱۳ فیصد ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ آج کے غیر اطمینان بخش حالات میں کچھ زیادہ نہیں۔ اسی طرح فوڈ سبسیڈی کے تحت جو ۸۰ لاکھ ملتے تھے وہ بند ہوگئے ہیں۔ اور کورس رائس اور وہیٹ (Coarse rice and wheat) کے پرائسز (Prices) میں اضافہ کے باوجود ۱۰ لاکھ کا نقصان آیا ہے۔ اسی طرح خرچ کے مدات میں ہم دھیان دیں اور سیلینٹ فیچرس دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ پانچ سالہ منصوبہ کے دوسرے سال کے لئے ۲۸۰ لاکھ کا پراویژن ہے۔ ہریجن ولفیر کے لئے ۸۶ لاکھ۔ مائنر اریگیشن (Minor irrigation) کے لئے ۲۰ لاکھ کمیونٹی پراجکٹس کے لئے ۱۰ لاکھ، کوآپریٹیو بیسس (Co-operative basis) پر کاٹیج انڈسٹریز کی ترقی کے لئے ۵ لاکھ وغیرہ۔ بعض مدات کے تعلق سے صحیح طور پر یہ خیال کیا جارہا ہے مثلاً کوآپریٹیو کاٹیج انڈسٹریز کے لئے جو پراویژن دیا گیا ہے واقعی حالات کے لحاظ سے قطعاً

ناکافی ہے خصوصاً آج جو ہمارا نصب العین کوآپریٹیو کامن ویلتھ کا ہے اس کے پیش نظر کاٹیج انڈسٹری کے لئے اس سال جو ایک لاکھ کا پراویژن رکھا گیا ہے اور کوآپریٹو کیلئے جو رقم مقرر ہے وہ خاطر خواہ نہیں ہے اس میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ کوآپریٹیو میں جو ۵ لاکھ کا اضافہ کیا گیا ہے اوس میں مزید اضافہ کی ضرورت ہے۔ اگریکلچر کو سپلیمنٹ کرنے کے لئے کاٹیج انڈسٹری کی ضرورت محسوس کیجارہی ہے۔ ایجوکیشن میں ۱۰ لاکھ کا اضافہ کیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسٹیٹ میں جو ۲۲ ہزار مواضعات ہیں جیسا کہ خود فینانس منسٹر کی اسپیچ سے معلوم ہوا ان میں سے صرف ایسے ۶-۷ ہزار مواضعات ہیں جنکی آبادی ۵ سو یا اس سے زیادہ ہے ابتدائی مدرسے کھولے گئے ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ ۱۰ لاکھ کا جو اضافہ کیا گیا ہے اس سے کم از کم ۵۰۰ سے زیادہ آبادی والے مواضعات میں اور کئی مدرسے کھولے جا سکینگے۔۔۔۔۔۔۔

یہ صحیح ہے کہ بجٹ میں ۳ کروڑ کچھ لاکھ کا خسارہ ہے اس خسارہ کی تلافی کے لئے فینانس منسٹر نے اپنی اسپیچ میں چند تجاویز بتائے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ان چار مدات سے خسارہ کا تکملہ کیا جائےگا۔

۱۔ کیاش کراپس۔ (Cash crops)

۲۔ سیلس ٹیکس۔ (Sales tax)

۳۔ موٹر اسپرٹ۔ (Motor Spirit)

۴۔ سینما ٹیکس۔ (Cinema tax)

جہاں تک موٹر اسپرٹ کا تعلق ہے کسی شخص کو اختلاف نہیں ہے۔ کیاش کراپس کی حد تک البتہ کچھ اختلاف رائے ہے۔ اس پر میں بھی تبصرہ کرونگا۔ اس پر تبصرہ کرنے سے پہلے ایک چیز عالیجناب کے ملاحظہ میں لانا چاہتا ہوں۔ بعض لوگ بجٹ کو کچھ اس نظر سے دیکھتے ہیں کہ وہ دھندلا سا نظر آتا ہے۔ اس کی وضاحت صحیح معنوں میں وزرا کی طرف سے کیجائےگی۔ بجٹ کے تعلق سے اس پس منظر کو نہیں بھلایا جا سکتا کہ کل تک انگریزوں کی ھندوستان میں حکومت تھی۔ اس زمانے میں بھی ایک خصوصی مقام حیدر آباد کو حاصل تھا۔ اس کا اپنا ٹپہ تھا۔ ریلوے تھی۔ سکہ تھا۔ پیپر کرنسی کی حد تک بھی ۱۹۱۷ع سے اس کو اختیار تھا کہ وہ خود چھاپ کر کرنسی نوٹ اجرا کرے۔ ریلوے امپورٹ اکسپورٹ پر انکم ٹکس عاید کیا جاتا تھا۔ کسٹمس اور اکسائیز۔ انکے علاوہ لینڈ ریوینیو۔ یہ تھے اسکی انکم کے سورسس (Sources)۔ اخراجات کی طرف دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ سادھا سیدھا انتظام تھا۔ نظام کو رقم دیجاتی تھی۔ آمدنی کا کافی حصہ پولیس اور آرمس پر خرچ کیا جا تا تھا۔ ھیو مینیٹیرین اسپیکٹس (Humanitarian aspects) اور نیشن بلڈنگ ورکس پر بہت کم خرچ کیا جاتا تھا۔ عوام کی فلاح و بہبود کے لئے میں یہ کہونگا کہ کچھ زیادہ رقم خرچ نہیں ہوتی تھی اوس زمانے میں ٹیکس کا جواسٹرکچر تھا اسکو بدلنے کی ضرورت سب ہی محسوس کرتے ہیں۔ اس بجٹ کو اس پس منظر کے تحت دیکھیں تو مناسب ہے۔ عوام اس چیز کو محسوس

کرتے ہیں کہ جو اسٹرکچر ہمکو ملا ہے اسکو آہستہ آہستہ بدلنے کی ضرورت ہے ۔ ہمارا نصب العین جو ہے اس کو اسکے راستے پر لانے کی ضرورت ہے ۔ نیشن بلڈنگ ورکس کو امپرو (Improve) کرنے اور ہوم ڈیپارٹمنٹ ایریس پر خرچ کرنیکی ضرورت ہے ۔ یوں تو الفاظ کے استعمال کا ہر ایک کو اختیار ہے ۔ کوئی کہتا ہے کہ یہ پولیس بجٹ ہے کوئی کہتا ہے کہ جاگیردارانہ بجٹ ہے ۔ کوئی کہتا ہے لینڈ لارڈ بجٹ ہے لیکن میں نے جس پس منظر کا اظہار کیا ہے اگر اسکو اس پس منظر کے ساتھ دیکھیں تو یقیناً کہنا پڑیگا کہ پہلے کی بہ نسبت اب بجٹ کا بیشتر حصہ عوام پر خرچ ہورہا ہے ۔ میں اس سلسلہ میں دو چیزیں ہاؤس کے ملاحظہ میں لانا چاہتا ہوں رسیٹس (Receipts) اور اکسپنسس (Expenses) کے سلسلہ میں رسیٹس کے تعلق سے زیادہ تبصرہ نہیں کرونگا ۔ میں ان مدات سے متفق بھی ہوں ۔ میں حکومت کی توجہ دو تین چیزوں کی طرف مبذول کرنا چاہتا ہوں ان میں سے ایک کو ہاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں وہ ہے لینڈ ریوینیو کے وصول کا طریقہ ۔ اس جانب خاص توجہ کی ضرورت ہے تاکہ اسوقت گورنمنٹ کو جو نقصان ہورہا ہے وہ نہ ہو ۔ یہ چیز وصولی کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے ۔ لینڈ ریوینیو میں ۵۰ لاکھ کا بقایا بتایا جارہا ہے ۔ حالانکہ کئی ریاست پائیگاہ اور جاگیرات کے انضمام کی وجہ سے خالصہ میں آگئی ہیں بقایا ایسے لوگوں کی طرف ہے جو آسانی کے ساتھ ادا کر سکتے ہیں اصل وجہ یہ ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے اس کے وصول کی کوشش ہی نہیں کیجاتی ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ سنہ ۵۶ - ۱۹۵۸ف میں جو محاصل وصول ہوتے تھے ان کا مقابلہ آج کے وصول شدہ محاصل کے اعداد سے کیا جائے تو (باوجود صرفخاص و جاگیرات کے انضمام کے) آپکو معلوم ہوگا کہ کوئی اضافہ نہیں ہوا ۔ اسکی وجہ معلوم کرنا چاہئیے کہ جاگیرات و صرفخاص کے انضمام کے باوجود محاصل کے وصول میں کمی کیوں ہے ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کرونگا کہ محاصل وصول کرنے والی مشنری میں ڈفکٹ ہے ۔ وہ صحیح طور پر اپنے فرائض نہیں انجام دیتی ۔ اگر اسکو ٹھیک طریقے سے وصول کیا جائے تو ہمارے بجٹ کا خسارہ دور ہوسکتا ہے کم از کم خسارہ میں کمی ہوسکتی ہے ۔ اس کے لئے دو طریقے ہوسکتے ہیں جو ڈائرکٹ ٹکسس عاید کئے گئے ہیں کارکردگی اور اچھی مشنری کے ذریعہ انکو وصول کیا جائے ۔ انکے وصول پر کافی نگرانی رکھنے کی ضرورت ہے ۔ دوسرے یہ کہ کرپشن کی وجہ سے ٹکس کی رقم جسقدر وصول ہونی چاہئیے نہیں ہورہی ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ کسٹمس ۔ اکسائیز وغیرہ سے جو رقم وصول ہورہی ہے اس کی جانب حکومت توجہ کرے تو اضافہ ہوسکتا ہے ۔ ضرورت ہے کہ کرپشن (Corruption) کو دور کیا جائے ۔ اکسپورٹ سرچارج بونڈری پر وصول کیا جاتا ہے ۔ اس میں ۵۰ لاکھ کی جائے ۲ کروڑ وصول ہوسکتے ہیں بشرطیکہ وصول کرنے والوں میں ایفیشنسی پیدا کیجائے اسطرح ٹکس وصول کئے جائیں اور وہ ٹکس کی رقم نیشن بلڈنگ پر صرف کیجائے تو مناسب ہے ۔ آمدنی کے تعلق سے یہ میرے چند سجیشنس ہیں ۔

اب میں اخراجات کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ پولیس کی حد تک مدھیہ پردیش مدراس اور بمبئی سے مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہاں پولیس پر صرف (۱۳) فیصد

خرچ ہوتا ہے جو زیادہ نہیں ہے۔ لیکن دنیا کو غلط باور کرانے کے لئے بعض لوگ اس میں دلچسپی لے رہے ہیں ۔ الکشن کے کچھ عرصہ پہلے سے اور الکشن کے بعد بعض لوگ اپنے طریقہ عمل میں کچھ ظاہرا تبدیلی کرلئے ہیں اور دنیا کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ امن قائم ہوگیا ہے لہذا پولیس کے خرچ میں کمی کو مان لینا چاہئے لیکن میں کہونگا کہ ایسا نہیں ہے اب بھی تلنگانے اور دوسرے مقامات میں بدامنی ہے اسی لئے پولیس پر خرچ کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ اب تک تلنگانہ میں امن قائم نہیں ہوا ۔ اگر یہ کہا جائے کہ امن قائم ہوگیا ہے تو یہ ایک سفید جھوٹ کے مترادف ہوگا ۔ دو ہی روز پہلے کا واقعہ ہے کہ میں ۱۰ تاریخ کو بھونگیر گیا تھا ۔ معلوم ہوا کہ چند اشخاص نے اپنے آپ کو ڈی ۔ ایس ۔ پی اور ڈپٹی کلکٹر ظاہر کرکے مختلف مقامات پر لینڈ کا ڈسٹری بیوشن کیا ہے اور سوما لنگم نے رقم وصول کی ہے . .

شری عبد الرحمن (ملک پیٹھ) ۔ کیا آپ ان کا نام بتا سکتے ہیں ۔

شری گوپال راؤ ایکبوٹے ۔ میں نے نام بتادیا ہے ۔

اسطرح کی کوشش کرنا اور یہ کہنا کہ امن قائم ہوگیا ہے پولیس پر خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں نہیں سمجھتا کہ کوئی مناسب بات ہے ۔ ظاہرا تو کہا جاتا ہے کہ امن قائم ہو چکا ہے اور انڈر گراؤنڈ لوگوں کے ذریعہ سے اپنا عمل جاری رکھا جاتا ہے اور یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ہمیں نقین دیدیا جائے کہ انڈر گراؤنڈ جو لوگ ہیں انہیں گرفتار نہیں کیا جائے گا تو وہ باہر آجائینگے اور ہتھیار حوالہ کردینگے ۔ ان حالات میں کوئی کسطرح کہہ سکتا ہے کہ تلنگانہ میں امن ہے ۔ میری رائے یہ ہے کہ انڈر گراؤنڈ لوگوں کے ہتھیار جبتک واپس نہ آجائیں اور جبتک ان پر مقدمات چلا کر انکو ان کے جرائم کی سزا نہ دیجائے اسوقت تک پولیس پر برابر خرچ کرنا ہی پڑیگا ۔ کیونکہ عوام کے امن و سکون کی ذمہ داری گورنمنٹ پر ہے جس سے وہ منھ موڑ نہیں سکتی ۔

میں یہ بھی کہونگا کہ جنرل اڈمنسٹریشن پر جو بھاری خرچ عاید ہورہا ہے اس میں کمی کی ضرورت ہے ۔ اس پر ۸ فیصدی خرچ ہوتو کافی ہے اسوقت (۱۳) فیصدی خرچ ہورہا ہے ۔

کیاش کراپس پر جو ٹکس عائد ہورہا ہے اسکے متعلق میں عرض کرونگا کہ یہ ضروری ہے ۔ اس کی وجہ سے زرعی حالات میں بہتری ہوگی ۔ بقیہ ٹکس کی حد تک میں کہنا چاہتا ہوں لیکن چونکہ وقت ختم ہو گیا ہے اسلئے مجبوری ہے ۔ . . . . .

श्रीमती राजमणी देवी (सिरसिल्ला रिझर्व्हड्) : माननीय स्पीकर सर तीन दिनोसे बजेट पर जो बहस हो रही है जिस में बजेट को कोअी तो जागिरदाराना बजेट कहरहे है और कोअी जमीनदाराना बजेट कहरहे है। मैं भी जिस को सरमायादाराना बजेट कहती हू। क्योकी जिस बजेट मे गरीबो के लिये कोअी गुंजायश नही रखी गयी है। ट्रेजरी बेंचेस के ऑनरेबल मेंबर्स ने कहा कि बजेट मे पोलीस् के लिये जो प्रोव्हिजन रखा गया है अुस मे कमी नही करेंगे। हम

चाहते हैं कि अिस प्रोव्हिजन मे जरूर कमी की जानी चाहिय। पोलीस पर पहले मात करोड रुपये खर्च किये जाते थे। मोजूदाबजेट मे अिस के लिये पाच करोड रुपये रखे गये है। अिस में दो करोड रुपये की कमी की जानी चाहिये। और ये दो करोड रुपये जनता की भलाओ के लिये और देश के सुधार के लिये खर्च किये जा सकते है।

जमीनात अैसे पट्टेदारो को दी जाती है जिनके पास पहले ही मे हजारो अेकर जमीन है। अिन्हे साठ साठ अेकर की जमीनात और दी जारही है। मै भी कहुगी कि पोलीस के बजेट मे मे दो करोड रुपये कम करके वही रकम गरीबो को दी जाय तो बहुत ही अच्छा होगा। आपने पोलीस को क्यो रखा है? आपने तो अिस लिये पोलीस रखी है कि अिनकी सहाय्यतासे अशाती फैलानेवालो का दमन करे। लेकिन पोलीस को हुकुम अेक तरह का दिया जाता है, और वह अिस पर दूसरी तरह से अमल करती है। मै तो कहती हू कि पोलीस फिर अपराधियो को पकडे। लेकिन वह अपराधियो की वास्तव मे रक्षा करती है। पोलीस डिपार्टमेंटसे अैसे आर्डर्स निकलते है। चद गाव मे तो पोलीसवाले जियादा सताते है। मेरे पास अिसकी कअी मिसाले है। कल्लूर, कलापाक, नलगोंडा, वरगल और खम्मम अिन तमाम गावमे काफी अत्याचार किया गया है। निरपराधियो को सताया गया है। पोलीस को आर्डर दिये जाते है कि वे गाव कि रक्षा करे। मगर पोलीस, पटेल पटवारीयोके पावर मे आअी है। हालत यह है कि पटेल पटवारी और पोलीसवाले जिस किसी के पास कबल देखते है अुसे कम्युनिस्ट समझ कर पकडते है। अेक दिन हम कराल से जारहे थे। हमारे साथ किष्टय्या नामी अेक आदमी था। अिस को छे सात बच्चे है। अुसको पोलीसवाले कम्युनिस्ट कह कर पकड कर ले गये है। अिसके बाद अबतक अुस बिचारेका पता नही। अैसे ही कअी लोगो को पोलीस ने सताया और मारापीटा है। दिन मे पोलीस सताती है और रात में दूसरे लोग तग करते है। अिस लिये गाव भर मे बदअमनी और बेचैनी फैली हुअी है। प्रजा मे अेक दहशत है। मै गव्हर्नमेंट से फिर कहुगी कि अगर हमारे ३५ हजार गाव मे जो प्रजा है अिसे अपनी तरफ लेना है तो पोलीस के बजेट मे से दो करोड रुपये कम करके अिस रकम को गाव सुधार के कामो पर सरफ करना अत्यत आवश्यक है। पडाव जमीन को जिराअत के काबिल बना कर गाव वालो को कास्त करने के लिये देना चाहिये। तेलगाने की गडबड का बार बार जिकर किया जाता है। लेकिन देखना यह है कि तेलगाने मे गडबड की असल वजेह क्या है। तेलगाने में जागिरदारो और जमीन-दारो के छोटे भाअी और बडे भाअी मे हिस्से का झगडा होता है। जैसे भाअी भाअी में होता है वैसे ही रिश्तेदारो मे भी झगडे होते है। अिन झगडो की वजेहसे तेलगाने में अशाती पैदा होगअी है। अगर तेलगाने की प्रजासे गव्हर्नमेंट अपना सबध रखना चाहती है, और दूसरे देशो के लिये मिसाल बना कर पेश करना चाहती है, तो मै यह कहुगी कि हुकूमत को तेलगाने की पडाव जमी-नात को गरीबो मे तकसीम करदेना चाहिये। हालत अैसी है कि कही अैसी जमिनात हो तो बाअुके पट्टेदार अिन पर अपनी आख रखते है और जमीनात पर कबजा जमाने की फिकर में रहते है। अगर हुकूमत जमीनात जनताको देने की कोअी योजना निकाले तो दूसरेही दिन ये लोग अपनी दरख्वास्त पेश कर देते है कि फला मुकाम पर चार पाच अेकर जमीन पडी हुअी है अिसे दे दी जाय। और फिर कहते है कि अुनके पास जमीनात नही है। अिस तरह सुफेद झूट बोल कर वे यह जमीनात हासिल कर लेते है और वहा के ओहदेदारो को मिला लेकर अिन जमीनात पर आसामी

से कब्जा जमा लेते है। मै भी बताना चाहती हू कि खम्मम् मे अेक जागिरदार की जमीनात है। अिस मे से अेक पर २५ साल से अेक काश्तकार काश्त कर रहा था। अिस जागिरदार के दूसरे भाअीने अपनी पार्टी तयार करके अिस पुराने काश्तकार को बेदखल करदिया। ओर वाकियाल की दरयाफ्त के लिये शेड्डल्ड कास्टस फेडरेशन् (Scheduled castes Federation) की तरफ से अगर कोअी जैसे राजमनी देवी या कृष्णमूर्ति जाते है तो कहा जाता है कि यह कम्युनिस्ट है। अिस के मुतालिक मै ने भूतपूर्व मत्री श्री वेलोडी को अेक पत्र भी लिखा है। अिस पत्र की अेक कॉपी मेरे पास मोजूद है। आप जाकर देख सकते है। कि वहा क्या झगडे है। और तेलगानेकी जनता कष्ट क्यो अुठारही है। ८० सालकी बुडढीको मारा पीटा जाता है। अिस से मेरा मतलब यह नही कि मै रात मे काम करनेवाले पोलीस को सपोर्ट कररही हू। अुनकी पालिसी क्या है, मुझे मालूम नही है। मै यह बताना चाहती हू कि पोलीस क्या कररही है और तेलगानेके प्रजाकी हालत क्या है। अगर आप तेलगाने की प्रजा मे शाती लाना चाहते है तो पोलीस के बजेट मे कमी कर दीजिये और तेलगाने की पडाव जमीनात को काश्त के काबिल बनाकर वहा के लोगो मे तकसीम कर दीजिये।

दूसरी बात जो मै कहना चाहती हू वह यह है कि हैदराबाद मे लडको के लिये जितने स्कूल्स है अिनके लिहाज से लडकियो के स्कूल्स कम है। लडको के साथ लडकियो और औरतो की शिक्षा का भी प्रबध करना चाहिये। जहा जहा लडको के लिये स्कूल्स है और कालेजेस है, वहा लडकियो के लिये भी स्कूल खोलना चाहिये। अिसके साथ साथ बॅकवर्ड क्लासेस के लिये अुचित शिक्षा का प्रबध किया जाना जरूरी है। ये लोग अैसे है जिन के पास खाने के लिये खाना नही है और पहनने के लिये कपडा नही। गरीब ही की सहायता से हुकूमत बनती है। अिस लिये हुकूमत के लिये भी जरूरी है कि वह गरीब की सहायता करे। अिस लिये मै कहुगी कि शेड्डल्ड कास्टस की जितनी भी लडकिया है अिन के लिये प्रायमरी से लेकर कॉलेज तक् गव्हर्नमेंट अुचित शिक्षा का प्रबध करे। तकावी के सिलसिले मे यह कहा गया कि हमारे पास २१ ट्रक्टर्स है और ऑइल अिजिन्स भी है। मेरे खियाल मे तकावी देनेका तरीका बिलकुल गलत है। अिस लिये कि तकावी पर अिन लोगो को अिजिन्स दियेजाते है जिन के पास बीस बीस हजार अेकर जमीन होती है। अिससे विदित है कि ये मालदार लोग होगे। अिस प्रकार काश्तकारो को कोअी फायदा नही होता। अैसे काश्तकारो को जो पचास साठ अेकर जमीनात पर काश्त करते है मजबूरन् बडे काश्तकारो के पास मजदूरी पर काम करना पडता है। अिस लिये मै यह कहुगी की गव्हर्नमेंट की अिस स्कीम से गरीब काश्तकारों को कोअी लाभ नही। अिस से 'जियादा गल्ला अुगाव' की स्कीम भी पूरी नही हो सकती। हुकूमत और लीडरो का फर्ज है कि वे गरीबो के बारे मे गौर करे। हम गरीबहै और हम गरीबो के कष्टको अच्छी तरह से समझते है। अिसी लिये तकावी को बद कर दिया जाय। आप बडे स्कीम्स बनाते है और बडे बडे प्रॉजेक्टस जैसे तुगभद्रा प्रॉजेक्टस वगैरा अिन पर बहुत रुपया खर्च करते है। लेकिन अगर सच मुच जनता की भलाअी का खियाल है तो हुकूमत को पहले गरीबो के बारे में सोचना चाहिये। केंद्र सरकारके अन्न मंत्री श्री मुन्शीजी तो रोजाना अेक स्कीम बनाते है। अिनका पहला स्कीम यह था कि 'जियादा झाड अुगाव'। अिस स्कीम पर सेटरका भी पैसा खर्च हुआ। अिसके बाद अुन्होंने बर्थकट्रोल की स्कीम बनायी। अिसके बाद यह कहेगे कि शादियां न करे।

क्या यही हमारी प्राचीन सस्कृति है ? प्रजा के लिये यह अुचित नही। मै यह अिस लिये कह रही हू कि आप को मालूम है कि प्रजा कितना कष्ट अुठा रही है। अगर कुछ कहा जाय तो आप कहते है कि अपोजिशन के लिये अपोजिशन होरहा है। यह बात नही है। हम चाहते है कि प्रजा को शांती से रहने का मौका मिले। प्रजा की यह भावना है कि गव्हर्नमेंट की सहायता करे। आप जो कुछ कहते है जनता अिस का पालन करती है। और अेक बात जो मै हाअुस के ध्यान मे लाना चाहती हू वह यह है कि गव्हर्नमेंट ने शेडुल्ड कास्टसवालो को मुलाजिमत मे साडे बारह परसेट हिस्सा देने का तसफिया तो किया, लेकिन अिस पर अमल नही होता। हम देखते है की हैदराबाद स्टेट मे अेक भी ऑफिसर हमारे शेडुल्ड कास्टका नही है। आप की तरफ से भी सवाल होता है कि क्या शेडुल्डकास्टस मे कोअी योग्य नही है ? मगर मै कहती हू कि हमारे पास योग्य लोग है। प्राइम मिनिस्टर बनने के लायक भी लोग है। लेकिन अिनको योग्य नही समझा जाता है। हैदराबाद स्टेट मे शेडुल्डकास्ट के दो ऑफीसर्स मे अेक डिप्टी कलेक्टर और दूसरे तहसीलदार थे। लेकिन हालत यह है की डिप्टी कलेक्टर को तहसीलदार और तहसीलदार को नायब तहसीलदार बनाया जाता है। गव्हर्नमेंट को चाहिये कि यह देखे कि शडुल्डकास्ट के लिये जो साडे बारह फीसद आयदादो की व्यवस्था की गई है वह अिन्हे दी जाती है या नही। शेडुल्डकास्ट के लिये बजेट मे दस लाख रुपये रखे गये है। मेरे खियाल में यह अैसा ही है जैसे रोने वालोकी आख के आसु पोछे जायें। अिस ४५ लाख जनता के लिये १० लाख रुपये मजूर किये जा रहे है। स्टेट के ३५००० गाव में ये लोग रहते है। क्या यह १० लाख रुपये अिनकी भलाअी के लियं काफी होसकते हैं ? मै समझती हू कि यह रकम तो दो महिने मे खतम हो जायेगी। यह जनता अैसी है जिसके पास न खाने के लिये खाना है और न पहनने के लिये कपडा। अिसी जनता से आपने गौरव प्राप्त किया है। अिस की भलाअी के लिये गौर करना गव्हर्नमेंट के लिये जरूरी है। मगर आपने शेडुल्डकास्टस के खर्च के लिये सिर्फ दस लाख रुपये रखे है। मै कहती हू कि कमसे कम् ५० लाख रुपयेतो जरूर मजूर करे। और मै यह भी नही चाहती कि बजेट को वैसा ही रखे। लेकिन मै यह चाहती हू कि जनता के फायदेके लिये अिसका विनियोग किया जाय। अिस बजेट को कम करने मे कोअी मतलब नही है।

दूसरी चीज यह कि शेडुल्डकास्टस के लिये सर्टिफिकेटस यहा से जारी किये जायें ताकि गरीब जनता के लिये बावलिया खुदवाअी जासकें, घर बनवाये जासकें, दवाखाने खोले जासकें, और स्कूल्स कायम किये जासकें। तीसरी चीज यह है की निजाम के कब्जेजात की कुछ अेकर जमीन नारायणपेठ और अुपल मे है। अब अुनके पास अिस तरहकी जमीनात थोडे नही हैं। जमीन पर अुतरने वाले लोगो ने अुसपर कबजा किया है। वे कहते है कि निजाम ने जमीन दी है। लेकिन मै कहती हू कि अॅडमिनिस्ट्रेशनकी मिशनरी ठीक काम नही कर रही है। जिन कब्जेजात पर कबजा होगया है अुन्हे कौल पर दिया जाय तो बहुत अच्छा होगा। बजेट के विषय मे अभी हम गौर कर रहे हैं। अितना कहते हुअे मै अपना भाषण समाप्त करती हू।

مسٹر اسپیکر - شری شفیع الدین -

شری شفیع الدین (بیدر)- مسٹر اسپیکر سر- گذشتہ دو دن سے بجٹ پر مسلسل اس ایوان میں مباحث ہورہے ہیں جسکو آنریبل فینانس منسٹر نے پیش کیا ہے- اس پر ایوان کے دونوں

جانب سے تبصرہ و تنقید ہو رہی ہے ۔ میں بھی چاہتا ہوں کہ اس بجٹ سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار ایوان کے سامنے کروں ۔ ہندوستان میں جمہوریت کے قیام کے بعد سے حیدر آباد میں پہلی عوامی حکومت کیطرف سے یہ بجٹ پیش کیا گیا ہے۔ اس بجٹ میں جو خسارہ ہوا ہے اسکو اگر ہم دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ ریاستی امور کو انجام دینے کے لئے خسارہ ضروری تھا لیکن بجٹ میں محض خسارہ کا ہونا بجٹ کی خامیوں کو ظاہر نہیں کرتا اور نہ یہ خسارہ کا بجٹ ٹھیرایا جا سکتا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے اور خسارہ کی پابجائی دوسرے مدات سے کیجاتی ہے۔ اس لئے ہمیں صرف یہ دیکھنا ہے کہ نیشن بلڈنگ اسکیمات کے لئے بجٹ میں کتنی گنجائش رکھی گئی ہے کیونکہ یہی چیز سب سے زیادہ اہم ہوتی ہے ۔ نیشن بلڈنگ کے سلسلہ میں میں یہ عرض کرونگا کہ صحت عامہ ۔ تعلیم سماج سدھار اور دیہات سدھار ہی ایسے امور ہیں جنکی طرف کافی توجہ مبذول کرنا ضروری ہے چنانچہ اس بجٹ میں ان مدات کے لئے جو پراویژن رکھا گیا ہے وہ ایسا ہے کہ اس کی بناء پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ آئندہ پانچ سالہ پلان میں نیشن بلڈنگ کے جو امور پیش کئے گئے ہیں وہ یقیناً ایسے ہیں کہ ہمارا ملک ترقی کریگا اور خاص کر تعلیم کے سلسلہ میں ۔ میں یہ عرض کرونگا کہ موجودہ موازنہ میں تعلیم کے لئے ۱۰ لاکھ روپیہ کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ جمہوریت کے قیام کے بعد تعلیم کو عام کرنیکی سخت ضرورت ہے اور میں یہ بھی عرض کرونگا کہ ان دیہاتوں میں مدارس کھولے جائیں جہاں تعلیم کا فقدان ہے نہ صرف یہ بلکہ ابتدائی تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے تاکہ وہ لوگ جو دیہات میں رہتے ہیں تعلیم سے فائدہ اٹھا کر جمہوریت کے چلانے میں ممدو معاون ثابت ہوں ۔ میں یہ بھی عرض کرونگا کہ تعلیم بالغان کی بہت زیادہ ضرورت ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ دیہات میں بسنے والے نوجوان تعلیم سے بالکل بے بہرہ ہیں اس لئے انکے لئے تعلیم کا انتظام حکومت کی جانب سے کیا جانا نہایت ضروری ہے تاکہ ان میں بیداری پیدا ہو۔

اس کے علاوہ صحت عامہ ۔ سماج سدھار اور دیہات سدھار کے لئے جو پراویژن رکھا گیا ہے وہ ایسا ہے کہ آئندہ پانچ سالہ پلان میں یقیناً ملک کی از سر نو تعمیر ہوسکے گی اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے گا ۔ اب میں اس بات کیطرف اشارہ کرونگا کہ مخالف جماعتوں کے آنریبل ممبرس نے اس بجٹ کو پولیس بجٹ اور لینڈ لارڈ بجٹ کے نام سے موسوم کیا ہے جو صحیح نہیں ہے۔ میں پولیس بجٹ کے سلسلہ میں یہ عرض کرونگا کہ اسوقت حالات غیر معمولی ہیں۔ اگر اچھے حالات عود کر آئیں تو پولیس پر جو موجودہ خرچ ہے اس میں کمی کیجا سکتی ہے۔ چنانچہ آپ تلنگانہ کے حالات کو دیکھئے وہاں حالات بالکل ہی(Abnormal)ہیں ۔ اب میں تلنگانہ کے قطع نظر مرہٹواڑہ کے وہ حالات بھی جناب والا کے علم میں لانا ضروری سمجھتا ہوں جہاں کمیونسٹ تحریک اور سرگرمیاں زور پکڑ رہی ہیں اور اکثر دیہاتی نقل مقام کر رہے ہیں چنانچہ ضلع بیدر (جہاں تلنگانہ کے بعض حصص ملتے ہیں) کے واقعات میں نے بچشم خود دیکھے ہیں ۔ وہاں حالات اس قدر بدتر ہوگئے ہیں کہ موجودہ پولیس کے علاوہ ریزرو پولیس فورس کا متعین کیا جانا ضروری تھا چنانچہ کوہیر اور الی گنڈہ جیسے مواضعات میں کمیونسٹ سرگرمیاں

اسقدر زیادہ ہوگئی ہیں کہ وہاں معمولی پولیس کے علاوہ مزید پولیس کو بھیجنا ضروری سمجھا گیا جسکے اخراجات حکومت کو برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ نہ صرف یہ کہ دیہاتوں میں کمیونسٹوں کی جانب سے عوام پر دباؤ ڈالا جارہا ہے بلکہ پٹیل پٹواریوں کے دفاتر بھی لوٹ لئے جاتے ہیں ۔ مستقر بیدرھی کو لیجئے یہاں اقلیتی طبقہ پر ظلم کیا جارہا ہے ۔

شری وی۔ڈی۔ دیشپانڈے :۔ اسکی کیا کوئی دلیل موجود ہے؟

شری شفیع الدین۔ کمیونسٹوں کی جانب سے انکو دھمکی آمیز خطوط لکھے جاتے ہیں اور انکو میں نے بچشم خود دیکھا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بلدی انتخابات میں حصہ لینے والوں کو جان سے مارڈالا جائیگا ۔ اس کے قطع نظر پی ۔ ڈی ۔ یف کے بعض کارکنوں اور بعض لیڈروں کی جانب سے املاک پر غاصبانہ قبضہ ہوچکا ہے اسکے متعلق میں ہاؤز کے سامنے پی ۔ ڈی ۔ یف کے سب سے بڑے لیڈر رنگ ناتھ راؤ کا واقعہ بیان کرونگا کہ انہوں نے محمود خان گتہ دار کے مکان پر ناجائز طور پر قبضہ کرلیا ہے۔

شری وی۔ڈی۔ دیشپانڈے ۔ کیا آنریبل ممبر کمیونسٹ اور ۔ پی ۔ ڈی ۔ یف میں فرق نہیں کرتے ؟

شری شفیع الدین ۔ پی ۔ ڈی ۔ یف کمیونسٹوں کی ساجھ ہے۔ اس لئے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تلنگانہ کے قطع نظر مرہٹواڑہ میں بھی اس قسم کے حالات پیدا ہوگئے ہیں ۔ پولیس کے اخراجات میں اضافہ کیوجہ یہ بھی ہے کہ گذشتہ زمانہ میں صرفخاص اور جاگیرات میں وہاں انکی اپنی پولیس ہوا کرتی تھی اور ریگولر فورسس کے علاوہ عروب اور نظم جمعیت ہوتی تھی لیکن اب ایسی کوئی نظم جمعیت یا عروب نہیں ہیں اس لئے ہر جگہ پولیس سے کام لیا جاتا ہے اس لئے انکی تعداد اور اخراجات میں اضافہ ہوا ہے۔ موجودہ گرانی کی وجہ سے الونس اور تنخواہوں میں اضافہ اور کانسٹیبلس کے ڈریس کی تیاری سے بھی اخراجات میں اضافہ ہوا ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ جسوقت حالات معمول پر آجائیں گے اسوقت کمی نہ کیجائیگی ۔ اسوقت یقیناً پولیس کے اخراجات سے متعلق بجٹ میں جو پراویژن ہے اس میں کمی کردی جائےگی ۔

اب دوسری چیز خسارہ کو دور کرنے کے بارے میں جتنے ٹکس حکومت کی جانب سے عائد کئے جارہے ہیں وہ سینما شو اور پٹرول کی فی گیالن قیمت پر ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں یہ دونوں ٹیکسس ایسے ہیں جن پر پورا ہاؤز متفق ہے ۔ اب رہا کمرشیل پراڈکٹس پر ٹیکسس کا سوال ، اس بارے میں اختلاف رائے ہو سکتا ہے ۔ اس ضمن میں اپوزیشن کے ممبران کا خیال ہے کہ اسٹینڈنگ کراپس (Standing Crops) پر ٹکس عائد کیا جائے اور بعض کہتے ہیں کہ کاشتکار مارکٹ میں غلہ فروخت کرنے کے بعد ٹکس ادا کر سکتا ہے۔ اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Shri G Rajaram (Armoor) . Mr Speaker, Sir, The moment I had gone through the revised budget proposals and the Budget

speech made by the hon. Finance Minister in this House, I came to the conclusion that the Government once again failed miserably to rise to the occasion by refusing to act according to the wishes of the people If I remember well and I am sure the House also remembers well during the last session, when the hon Finance Minister presented his interim budget, he pleaded that his Government could not get sufficient time to go through the Budget proposals and that the Budget was prepared by the Ex-Finance Minister, and he promised that when the revised Budget would be presented before the house, he would do his best to see that the Budget became a popular Budget, but as I told you, Sir the hon Finance Minister and the Government have failed in this task

The Budget remains a status quo Budget. I see no changes except some minor figures on the expenditure side as well as on the revenue side The Budget should have been a charter of Government plans to be implemented in the coming five years In the words of an economist, "the interest, the presentation of a Budget invokes, centres round the policy and the programme of the Government that it reveals rather than the statements of accounts, estimated revenue and expenditure" In the words of another economist, "it is the one instrument through which the party in power gives the most authentic proof of its vision and imagination to plan a course of activities leading to the welfare of the people who voted it to power". But, I am sorry to note that the problems of Hyderabad, the severe problems concerning the people of Hyderabad, remain where they were previously No definite measures have been envisaged in the revised Budget Just as I told you, Sir, I do not mind a few changes on the revenue side and the expenditure side We remember well that because of several hundred years of autocratic rule in Hyderabad, our society is replete with several evils, Social, economical and cultural Unless and until those evils are basically rooted out, no piecemeal solutions, no half-hearted steps are going to solve our problems and the present economic discontent that exists. I wish to warn the Government that the discontentment is growing day-to-day and if they allow this discontentment to grow, they will be sitting on the mouth of a volcano that will erupt any time. Being aware of this, I wish to warn the Government about it. Besides that, just as I have mentioned, our society is full of evils, poverty, hunger, disease, unemployment, illiteracy, all existing to the maximum. But I do not find any solution to these things in this Budget. A step further the Government wants to move. So, what have the people to do ?

It is also an established fact that the last four years in Hyderabad are a period of social stagnation and economic halt. Then, how to solve this social stagnation and economic halt Unless we think of solving these problems, we can neither enthuse the masses, nor create zeal among them which is most needed today If at all we want to implement our programmes and if at all we want to put in practice our solutions, the first thing is that we have to enthuse our masses The masses are looking to us But the Government is again and again failing in that task

Let me come to the question of Jagir abolition, in which the Government takes so much pride Yesterday an hon Member of this House has rushed to defend the Jagirdars stating that they are not accustomed to work and that if they are not given compensation they will die I would like to put the question that why Government is so careful and so conscious about those Jagirdars who have exploited the society, who have exploited the down-trodden and who have built up their 'mahals' on the labour But the Government is not rushing to the aid of the common man in the street, who is dying daily out of starvation, who is naked and who is groaning under several other atrocities in the society, because the structure of society today is like that, and unless we basically alter that structure of society, any move of ours will not help. For instance, recently, I had been to a village, which was formerly under jagir administration The people there have put to me a strange question very innocently "Are we not the subjects of the Government of which hon Shri B Ramakrishnarao is the Chief Minister?" I said "certainly you are." Then they pointed out to me that the rates of land assessment in the neighbouring village are less and that they are paying still at those rates at which they used to pay during the jagir administration. So, even after the abolition of the jagirs, even after the Congress has come into power as a popular Government, if these differences and distinctions exist in the neighbouring villages how are we going to answer them The Government has no plans to reduce the rates of assessment in the jagir villages

The one great distressing feature that is arising in Hyderabad today is the failure of several industries. Daily I read in the papers that such and such an industry has been declared insolvent or a certain industry has been closed We know well that in Hyderabad the problem of unemployment is mounting and if the Government do not rush to the aid of these industries

which are being closed, then several thousands will be unemployed, and if this unemployment is allowed, just as I said in the beginning, there is a chance for anti-social elements to make capital out of this unrest. Sir, I would again like to draw the attention of the Government to see that this unemployment problem is immediately solved, because a Government has no right to exist or continue in Office if it does not ensure full employment in the State Full employment is today the problem of the State Today, several lakhs of people are unemployed and are seeking employment They are well built, they are prepared to do work of any sort that is entrusted to them, but the Government cannot do it

In the same way, the Government takes much credit under the shelter of the Hyderabad Agricultural Tenancy Act, 1950. I do not want to comment much on this Act as I have already commented on this Act during my speech in the first session But I would like to draw the attention of the Government to the investigations and observations made by the Economic Association, which appeared recently in the Press What is the Agricultrual Tenancy Act and what are the benefits the people of Hyderabad would receive from it ? Several defects enumerated in the observations of the above Association are cent percent correct As I happen to work in the rural areas, I know it I request the Government to take note of the several defects pointed out therein As my party passed a resolution during the Nizamabad Session, if at all the Government's intention is to help the tenants, the immediate task before it is to pass an ordinance stopping all evictions immediately The Government did not take notice of this resolution.

In the same way, there are several other problems—the problem of supplying food at subsidised rates to the lakhs of people living in the cities. This problem is greatly agitating the minds of the citizens. Government can do this, if at all the intention to do is there on the part of the Government and I am at a loss to understand why the Government is lagging behind for just a few lakhs of rupees I am also surprised that the hon. Minister for Supply, at a press conference, hinted upon the possibility of decontrol in Hyderabad after three months, just as it happened in Madras. I would like very much to request the Government "do not repeat the Bengal Calamity again". The Government will be solely responsible if prices again shoot up and people are let down to die We have been hearing daily that in Madras prices are soaring high again. I therefore do not want the Government to make an experiment in regard to the food problem and

put the entire State at the mercy of its whims and imaginations I may tell that people will not tolerate such a thing

Lastly, I have to say—rather I am compelled to say that the people of Hyderabad put the Govt in power to redress their grievances I am sorry to point out that they have become the greatest grievance for the public today and if things are allowed to continue in the present manner and if the Government acts in a confused manner as at present, I see no other course before the public but to get rid of them and their only grievnce would be to get rid of the Govt.

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल मिस्टर स्पीकर सर, दो दिन से बजेट पर काफी बहसे हो रही हैं। अिस में बाज लोगो ने अेस्टिमेट कमेटी (Estimate Committee) का भी जिकर किया है। अेस्टिमेट कमेटी १२ अेप्रेल को बिठाअी गअी। आप समझ सकते हैं कि अेक मकान का अढावा निकालने के लिये भी कुछ मोहलत की जरूरत होती है। अुसको भी दस बारा दिन लग जाते हैं। हकायक् को गव्हर्नमेंट के सामने रखने के लिये खुद अिन को समझ लेने की जरूरत होती है। मैं समझता हू कि ऑनरेबल मेम्बर्स अिस से मुत्तफिक् होंगे कि पहले चीजो को स्वय समझ कर बाद में गव्हर्नमेंट के सामने रखना पडता है। मुझे यह अर्ज करना है कि ..

شری وی ۔ ڈی دیسپانڈے ۔ اسٹیمیٹس کمیٹی کا مسئلہ جو یہاں آیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اسکو پھر کسی موقعہ پر زیر بحث لایا جائے تو الگ الگ ممبروں کی طرف سے اظہار رائے ہو سکتا ہے۔ میں فنانس منسٹر سے عرض کرونگا کہ اسٹیمٹس کمیٹی کے بارے میں علحدہ بحث ہو تو مناسب ہوگا ۔

श्री. लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल मौजुदा बजट जो पेश किया गया ह अिसके सबंध मे यह कहना कि वह पब्लिक के खियालात का पूरा जायजा लिये बगैर तयार किया गया है मै समझता हू सही नही है। मौजूदा बजेट के अखराजात की तरफ हम देखे तो यह कह सकते है कि बनिस्बत पहले के अब हम अवाम पर जियादा खर्च कर रहे है। वस्तुस्थितीपर गौर करनेपर मालूम होगा की हमारी आमदनी के जो जराये थे वह खुश किसमती से या बद किसमती से गव्हर्नमेंट ऑफ अिंडिया ने ले लिये है। हमारे अिस केस को सही तौर पर पुट् अप (Put up) न करने की वजेह से हमें यह खसारा हुआ है। हमारे रेल्वे की आमदनी स्टाम्प की आमदनी, और अिसी तरह दूसरी आमदनी के मदात गव्हर्नमेंट ऑफ अिंडिया ने ले लिये हैं। मेरा खियाल यह है कि हैदराबाद स्टेट को चाहिये कि हमारे अिस केस को अेक मजबूत केस बना कर अेक कमीशन मुकर्र करवा कर अुसके सामने रखे। जब मैसूर की गव्हर्नमेंट और ट्रावनकोर की गव्हर्नमेंट जायद पैसे हासिल कर सकती है तो फिर हैदराबाद की गव्हर्नमेंट क्या अैसा नही कर सकती ? ऑनरेबल फैनान्स मिनिस्टर अिस पर खास तौर पर गौर फरमायें और अिस चीज को नोट फरमायें।

Shri V.D Despande : The question is of back bone.

Shri Laxminivas Ganeriwal : If we import, we will get the back bone.

गव्हर्नमेंट ऑफ अिंडिया अेक्सपोर्ट (Export) के बारे मे हिस्सा मागे तो फौरन् दे देती है। वैसे ही गव्हर्नमेंट ऑफ हैदराबाद को ऑइल सीड्स की बाबत छटवा हिस्सा दे सकती है। जहा तक आमदनी के जराये का ताल्लुक है तफसीलात पर सोचनेके बजाय जो जराये गव्हर्नमेंट ऑफ अिंडिया ने बिला वजेह ले लिये है अिन पर जियादा गौर करना चाहिये। मैं तो यह कहूगा कि अिस मामले पर अगर गव्हर्नमेंट ऑफ अिंडिया रजामद न हो और अिस बारे में हम को अगर रिझाअिन (Resign) करने की जरूरत हो तो रिझाअिन भी करना चाहिये। (Laughter)

मै दूसरी चीज यह अर्ज करूगा कि हमे अिन बातो की अिस वास्ते जरूरत है कि (मै टॅक्सेस के बारे मे कहता हू) करोडो रुपयो की आमदनी दूसरी तरफ जा रही है। यह सही नही है। आप जो टॅक्सेस वसूल करते है वे सिर्फ जमीनात से या छोटे छोटे बेपारियो से वसूल करते है। आपके अिंडस्ट्रीज की क्या हालत है? क्या अिंडस्ट्रीज की आमदनी लिक्विडेशन (Liquidation) मे जा रही है? अिस की क्या वजेह है? जिम्मेदार ऑफिसर होने के बावजूद सिरपुर पेपर मिल आठ दिन तक बद रही। क्यो बद रही? कोल (Coal) न होने की वजेह से बद रही। यह मेरी समझ मे नही आता। हमें चाहिये कि अिन बातो पर गौर करे।

मैसूर गव्हर्नमेंट को ३५ फीसद आमदनी अिंडस्ट्रीयल् डेव्हलपमेंट से हो रही है। आखिर हम कब तक अेक्साअिज ड्यूटी पर पलेगे? अिंडस्ट्रीयल डेव्हलपमेंट पर जियादा से जियादा गौर करने की जरूरत है।

मुझे यह अर्ज करना है कि क्या हैदराबाद गव्हर्नमेंट को हैदराबाद के नॅशनल बजेट के खसारे की बाबत अब भी सोचने की जरूरत नही है? हैदराबाद कि जनता अपने घर के नुकसान को कब देख सकती है? वाजबी टॅक्सेस लिये जायें तो हम जरूर बरदाश्त करेगें। जियादा टॅक्सेस केवल अुस वक्त बरदाश्त किये जायेंगे जबकी खसारेको पूरा करने के लिये अिसके सिवा और कोई दूसरा मार्ग ही नही हो। मौजूदा सेल्स टॅक्स म्युनिसिपल टॅक्स, और दूसरे टॅक्सेस जिनकी अेक तफसील पेश की गअी है, अिन सब को छोडते हुअे मै अेक चीज पूछना चाहता हू। सवाल यह है कि सरचार्ज टॅक्स, कस्टम्स ड्यूटी, अेक्सपोर्ट, परचेज टॅक्स (जिसे सेल्स टॅक्स के नाम से लिया जा रहा है) यह तीन तीन चार चार टॅक्सेस अेकही चीज पर लगाये जा रहे है। अैसा है तो किस तरह हमारा माल बाहेर के मार्केट से कॉपिट कर सकेगा? मैं यह कहूगा कि टॅक्स ५ फीसद नही १२ फीसद लिजिये, मगर किसी चीज पर सिंगल टॅक्स लिजिये। आप जितने टॅक्स लगायेंगे अिनका बार प्रिझर्व्हर्स (Preservers) या कनस्युमर्स (Consumers) पर पडेगा सिवाय अिनकम टॅक्स के। अिनकम टॅक्स का बार अलबत्ता बेपारी पर पडेगा। मै दरख्वास्त करूगा कि अिन चीजो पर गौर करे।

अेक्सपोर्ट के बारे में कहा गया कि हमारे पास अेक कमेटी की रिपोर्ट है। अेक्सपोर्ट और अिम्पोर्ट के बारे में अेक मेम्बर ने अेतराज किया है कि अिस सिलसिले मे जो अॅलॉटमेंट किया जाता है, अुसमें मदरास कलकत्ता और बम्बअी को अेक्सपोर्ट अलॉट (Allot) करने का हक् मिलता है। तो यह हक् हैदराबाद को क्यो नही मिलता? हमारी गव्हर्नमेंट को चाहिये कि खास तौर पर मिस्टर विनॉय जो अिस ऑर्गनाअीझेशन के रिप्रेझेंटेटिव् (Representative) है अुनको अिस बारे में मुतवज्जे करे। क्या वजेह है कि बम्बअीवालोको फायदा पहूचे और हैदराबाद के

बेपारियो को फायदा न मिले ? अिन तमाम चीजो को मै खास तोर पर कॉमर्स अँड [illegible] मिनिस्टर के मुलाहजे मे रखते हुअे खाहिश करूगा कि गव्हर्नमेंट ऑफ अिडिया के सामने अिन चीजो को रखे ताकि अिसके ताल्लुक से हैदराबाद के लोगो को फायदा पहुचे ।

अेक और चीज की तरफ मै अिशारा करना चाहता हू वह यह कि कुछ लोगो ने गव्हर्नमेंट के आफीसर्स पर अेतराज किया है। मै आपके सामने सरदार पटेल की मिसाल पेश करूगा और अुनके शब्द आपके सामने रखूगा। जब वे कॉग्रेस के कामो मे थे तो गव्हर्नमेंट सर्व्हिस के लोगो ने अुनपर जुल्म किया था। लेकिन जब कॉग्रेस की हुकूमत आअी तो अुस वक्त अिन ऑफिसर्स के मुताल्लुक अुन्होने जवाब दिया कि गव्हर्नमेंट सर्व्हंटस जो कुछ करते है वे गव्हर्नमेंट के हुकुम मे रहते है। अिनका क्या कुसूर है ? अिसी तरह हमको भी चाहिये कि हम गव्हर्नमेंट सर्व्हिस पर विश्वास करे। अगर अैसा न करे तो अुनके दिल कमजोर हो जायेंगे। टूट जायेंगे। अब हैदराबाद में पहलेकी गव्हर्नमेंट नही है। अबकी गव्हर्नमेंट हैदराबाद की है और हैदराबादियो के लिये है। हमें चाहियें कि गव्हर्नमेंट के ऑफिसर्स पर विश्वास करे और अिन्हे भी चाहिये कि वे कोआपरेट (Cooperate) करे।

मुझे अुमीद है कि मै ने जो दो तीन बाते बताअी है और जो गव्हर्नमेंट ऑफ अिडिया के और आपके बीच मे तसफिया होने के वसायल है अिनको आप सॉल्व्ह (Solve) करने की कोशिश करेगे और गव्हर्नमेंट ऑफ अिडिया से जो कमेटी आ रही है अुसके सामने यहा की भी अेक कमेटी बना कर रिप्रझेंटेशन् (Representation) करने का मौका दिया जायेगा।

شری اے-راج ریڈی (سلطان آباد)۔ مجھے اظہار خیال کا آخر میں موقع ملا ہے۔ وقت مختصر ہے اور بہت سی باتیں کہی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ میں نے جو باتیں حکومت کے سامنے رکھی ہیں حکومت اپنی پالیسی کی ترتیب میں انہیں ملحوظ رکھے گی۔ اس وقت جو بجٹ ہمارے سامنے پیش ہے اور اس سے پہلے جو انٹیرم بجٹ (Interim Budget) ہمارے سامنے آیا تھا انہیں دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بجٹ اسی گذشتہ بادشاہی جاگیرداری دور کا عکس ہے اور انہیں اجزاء سے مرکب ہے۔ یہ کھلی بات ہے اور خود بجٹ اسپیچ کے پہلے ہی پیراگراف میں یہ بتادیا گیا ہے کہ یہ ہمیں وراثت میں ملا ہے ہمارے پریڈیسیسرس (Predecessors) نے پیش کیا ہے ہماری کابینہ کو اس کا موقع نہیں ملا ہے کہ اپنی پالیسی ڈھالے۔ اسلئے انہیں سابقہ بنیادوں پر اسکو ترتیب دیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ انہیں اپنی پالیسی کے مطابق بجٹ پیش کرنے کا موقع نہیں ملا۔ اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ یہ بجٹ نظام شاہی دور میں جسطرح جاگیری نمونے کا رہا اسی حالت میں ہمارے سامنے پیش کیا جا رہا ہے۔ خیر یہ تو پہلے کے بارے میں تھا وہ اپنی پالیسیز ڈھال نہ سکے تھے۔ لیکن کل ہمارے سامنے جو روائیزڈ بجٹ (Revised Budget) پیش کیا گیا اس روائیزڈ بجٹ کی ریوائیزڈ اسپیچ میں بھی حکومت کے معزز رکن مالیہ نے تسلیم کرلیا ہے کہ انہیں اب تک بھی اپنی پالیسی بنانے کا کوئی موقع نہیں ملا۔ انہوں نے اسکی تین وجوہات بتائی ہیں۔ جن کو میں هاؤس کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اس تقریر میں یہ بتایا گیا ہے کہ:—

"I have not lost sight of a single item of them But I must plead that we suffered from many a major handicap in the interval of two months that

were given to us to modify the Budget so as to conform to a people's Budget Firstly, we had just a month left to formulate policies for each Department This, Sir, the hon Members would all agree, is too short a time for any new Members of the Government to understand and fully evaluate the position Secondly, the new Cabinet in the Centre at Delhi has been formed only recently and until it declared its policies, at least on major ones and offered a directive, it should be conceded, that it would be difficult for individual States to declare their policies"

ہاؤس کے سامنے یہ چیز صاف طور پر آئی ہے کہ بلا کسی پالیسی کے بجٹ مرتب دیا گیا ہے۔ یہ مسلمہ ہے۔ اگر اس کے پیچھے کوئی پالیسی ہے تو وہ وہی ہے جو پہلے سے چلی آ رہی ہے بجٹ از سر نو ترتیب نہیں دیا گیا بلکہ کچھ پیوند لگائے جا کر پیش کیا گیا ہے۔ اس بجٹ میں کوئی چیز کسی پالیسی کے تحت رکھی گئی ہے یا سوچ سمجھ کر رکھی گئی ہے اس قسم کا خیال کرنا بھی خود بجٹ اسپیچ کے خلاف ہے اس میں صاف طور پر مان لیا گیا ہے کہ سنٹر کی کابینہ نئی آئی ہے اس نے ہدایات نہیں دئے ہیں اسلئے کوئی پالیسی بھی نہیں بنائی گئی۔ صرف چند فیگرس یہاں وہاں کم زیادہ کئے گئے ہیں جن سے یہ نہیں سمجھا جا سکتا کہ کسی پالیسی کے تحت یہ عمل ہوا ہے۔ میں یہ ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ یہ فیوڈل بجٹ ہے۔ اس میں خود یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ یہ توریثی طور پر آیا ہے۔ اور ٹریژری بنچس نے اس پوزیشن کو قبول کیا ہے۔ اگر رکن مالیہ اس بجٹ کو پیش کر کے یہ سمجھتے ہیں کہ وہ عوامی بجٹ پیش کر رہے ہیں تو یہ خیال غلط ہے۔ اس میں پرائیوی پرس کے لئے ۵۰ لاکھ روپئے رکھے ہیں۔ اور باقی (۵۰) لاکھ کے متعلق کہتے ہیں کہ سنٹرل گورنمنٹ اسے برداشت کرتی ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہم کو فینانشیل انٹیگریشن کے نتیجہ کے طور پر ۱٫۱۶ کروڑ روپیہ سنٹر ادا کرتا ہے۔ منہا کرکے یہ ۵۰ لاکھ روپیہ پرائیوی پرس بھی اسٹیٹس منسٹری انٹیگریشن اسکیم کے تحت ادا کرتی ہے۔ اسلئے اگر حقیقت میں دیکھا جائے تو یہ ۵۰ لاکھ روپئے جو ادا کئے جاتے ہیں وہ ہماری ہی رقم ہے۔ اسطرح ہماری رقم جاگیرداروں کے حوالے کی جا رہی ہے۔ ۱۱۶ لاکھ کی رقم جو سنٹر ہمیں دیتا ہے اس میں سے آپ جاگیرات کا معاوضہ ادا کرتے ہیں جو کروڑوں کا ہے۔ یہ سلسلہ ۱۵ - ۲۰ سال تک چلتا رہے گا۔

اسکے بعد میں رسوم اور دستبند کے بارے میں کچھ کہونگا۔ یہ لاکھ دو لاکھ کی رقم نہیں۔ کروڑوں کا بجٹ ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ جاگیر ابالیشن ہوا ہے۔ جاگیرات حکومت نے لے لی ہیں اور اس کا کریڈٹ حکومت ہی کو دیا جائے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ عوام نے ان جاگیرداروں کے خلاف جدوجہد کی۔ وہ صدیوں سے انکا خون چوستے آئے تھے۔ لیکن ایسے موقع پر حکومت نے انہیں سہارا دیا اور کہا کہ آپ کیوں مصیبت برداشت کرتے ہیں۔ آپ کی جاگیر کا ہم انتظام کرتے ہیں اور آپ کو آپ کی جاگیر کا معاوضہ دلاتے ہیں۔ آپ ہم سے کہتے ہیں کہ جب جاگیرات لی جارہی ہیں تو انکا معاوضہ ادا کرنا ضروری ہے۔ یہ ہمارے اسٹیٹ کا دستور ہے۔ راج پرمکھ کو جو معاوضہ دیا جا رہا ہے وہ دستور کے تحت ہے۔ میں یہ کہونگا کہ ہمارا دستور ہمارے لئے

کسی معاملہ میں آڑ نہیں ۔ ہم یہ صحیح نہیں سمجھتے کہ کوئی قانون یا دستور ہمارے لئے مانع ہے ۔ نظام آباد کے معزز رکن نے کہا کہ ہمیں فنانشل انٹگریشن کے سلسلے میں ریپریزنٹیشن کرکے حکومت ہند سے اس پر نظر ثانی کروانی چاہئے ۔ میں کہونگا کہ اگر آپ جاگیرات کے سلسلے میں بھی ہمارے محسن کے موجب ارادہ رکھتے ہیں اور یہ بات آپ کے دل میں ہے تو آپ اس کیس کو بھی ریپریزنٹ کرسکتے ہیں ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ جو معاوضہ انہیں دیا جا رہا ہے وہ ناجائز اور رعایا کا حق چھین کر دیا جا رہا ہے تو ہاؤس اپنی پوری قوت کے ساتھ ریزولیوشن پاس کرے ۔ اگر دستور میں ایسی کوئی بات مانع ہے تو بہتر کہ طور پر ہم چاہیں تو اس کیس کو ریپریزنٹ کرکے اسکی ترمیم کراسکتے ہیں ۔ ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ کیا یہ جائز ہوسکتا ہے یا نہیں ۔ اگر آپ کا دل بھی یہ محسوس کرتا ہے کہ بیشک یہ نا واجبی کام ہم کر رہے ہیں تو صاف صاف کہدیجئے جسطرح سے سری نرسنگ راؤ نے اپنے خیالات کو صفائی کے ساتھ پیش کیا ۔ ہم سننا چاہتے ہیں ۔ لیکن محض دستور کی آڑ لینا فضول ہے ۔ آپ کہدیجئے کہ آپ ہم سب ملکر اس سسٹم کو بدلینگے ۔ اگر اس طرح عوام کے مسائل صحیح طور پر حل نہیں ہوتے اور یہی صورت حال برقرار رکھی جاتی ہے تو ہم اس کے لئے اسمبلی کوئٹ (Quit) کرنے کےلئے تیار ہیں ۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ عوام کی گاڑھے پسینے سے کمائی ہوئی دولت کو اس طرح برباد کیا جائے ۔ اسطرح کا بجٹ پیش کرکے کیا آپ یہ توقع کرتے ہیں کہ ہم اسکی تائید کریں ۔ یہ ہرگز عوامی بجٹ نہیں ہوسکتا ۔ جاگیر دارانہ بجٹ ہے جس میں کروڑوں روپیہ فضول خرچ کیا جا رہا ہے ۔ عوام کی پریشانیاں تو برقرار رہینگی اور غیر مستحق لوگوں میں آپ کا روپیہ تقسیم ہوگا ۔ غریب کسان عوام کے ساتھ یہ آپکی سراسر نا انصافی ہے ۔ یہ ہرگز عوامی بجٹ کہلانے کا مستحق نہیں ہے ۔ وقت کم ہے اس لئے میں اس مسئلہ پر تفصیل سے نہیں کہہ سکتا ۔ اس سے پہلے جو ووٹ آف اکونٹس ہمارے سامنے لایا گیا تھا اسکو اور اس میں جو ائٹمس ہمارے سامنے ہیں انکو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ پہلے جو اسٹرم بجٹ پیش ہوا ہے اسکی پوری رقم اس میں داخل ہے ۔ اس میں ٦٨ لاکھ کی سوینگ پولیس ائٹم میں بتلائی گئی ہے ۔ لیکن یہ سیونگ اس میں نظر نہیں آتی ۔ ریوائزڈ ائٹم کے ہیر پھیر میں یہ داخل نہیں ہے ۔ جہاں اضافہ کا تعلق ہے اسکو سپلمنٹری (Supplementary) کے طور پر لینا چاہتے ہیں ۔ اس کا مطلب صاف ظاہر ہے کہ آپ جو باقی رقم لینا چاہتے ہیں وہ ٥ کروڑ میں سے ہی طلب کر رہے ہیں ۔ یہ کہنا کہ ٦٨ لاکھ کی اکانمی ہوئی ہے صحیح نہیں معلوم ہوتا ۔

ہمارے سامنے جو ڈیمانڈس آئے ہیں وہ پہلے بجٹ سے کچھ الگ نہیں ہیں ۔ اس نقطہ نظر سے میں یہ عرض کرونگا کہ یہ اب بھی پولیس بجٹ ہے ۔ جاگیر داری بجٹ ہے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ اگر آپ حقیقت میں یہ چاہتے ہیں کہ اس خرابی کو اپنے بجٹ سے دور کریں تو اس کےلئے تہہ دل سے طئے کیجئے ۔ صرف یہ کہدینا کہ ہم بھی ایسا نہیں چاہتے لیکن چونکہ کانسٹی ٹیوشن میں ہے اسلئے معاوضے ادا کررہے ہیں یہ سب ناقابل قبول ہے ۔ " جہاں ارادہ ہے وہاں راستہ ہے "۔

شری بھگوت راؤ گاڑ ھے - اس بحث کے سلسلہ میں جو جنرل ڈسکشن ہورہا ہے اور اس کے متعلق جو مختلف نقاط نظر کا اظہار ہورہا ہے میں سمجھتا ہوں اس میں ایسا منصفانہ نظریہ اختیار کیا جارہا ہے - ہردو طرف سے اس پر نکتہ چینی کرنے کی کوشش کی گئی ہے - میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ یہ بحث پورے ہاؤز کو مطمئن کرنے والا ہے یا ملک کے تمام سکس اظہار اطمینان کر سکتے ہیں لیکن پھر بھی اس نئی عوامی حکومت نے جو کوشش کی ہے اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا -

